Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ____________

Sig. of Invigilator: ____________

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I

## حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

وقت: 25 منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔ اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر1: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) سرسید کے خیال میں کوئی قوم دوسروں کی نظر میں کب بے غیرت ہوتی ہے؟

الف۔ جب غلام بنتی ہے　　ب۔ جب ناکام ہوتی ہے

ج۔ جب دوسروں پر بھروسہ کرتی ہے　　د۔ جب کمزور ہوتی ہے

(ii) کون سا درست روزمرہ ہے؟

الف۔ بے ناغہ　　ب۔ بلا ناغہ

ج۔ با ناغہ　　د۔ بغیر ناغہ

(iii) ''زیور کا ڈبا'' صنف کے لحاظ سے کیا ہے؟

الف۔ ناول　　ب۔ مضمون

ج۔ افسانہ　　د۔ ڈرامہ

(iv) حافظہ خراب ہو تو آدمی زیادہ عرصہ تک رہتا ہے: (بحوالہ مشتاق یوسفی کے سبق ''چراغ تلے'')

الف۔ جوان　　ب۔ بیمار

ج۔ تندرست　　د۔ زندہ

(v) پطرس بخاری کا اصل نام تھا:

الف۔ احمد شاہ　　ب۔ محمد عمر

ج۔ احمد حسن　　د۔ عمر حسن

(vi) تلخیص سے مراد ہے:

الف۔ دی گئی عبارت کو مختصر کر کے لکھنا　　ب۔ دی گئی عبارت کو واضح کرنا

ج۔ دی گئی عبارت کی تشریح کرنا　　د۔ دی گئی عبارت کو دوبارہ لکھنا

(vii) اختر کے نزدیک اُسے بچانے والا کون تھا؟

الف۔ ڈاکٹر　　ب۔ انجکشن

ج۔ منظور　　د۔ دوا

(viii) حضورؐ نے کس چیز کو اُم الخبائث قرار دیا؟

الف۔ جھوٹ　　ب۔ شراب

ج۔ نشہ بازی　　د۔ برائیوں کی انتہا

(ix) ''آمرزگار'' سے کیا مراد ہے؟

الف۔ معاف کرنے ولا　　ب۔ گناہ گار

ج۔ عنایت کرنے والا　　د۔ رحم کرنے والا

یہاں کچھ نہ لکھا جائے

---

(x) چلتے ہیں جبرئیلؑ کے پر جس مقام پر اس کی حقیقتوں کے شناسا تم ہی تو ہو
درج بالا شعر مثال ہے:
الف۔ تشبیہ کی ب۔ استعارہ کی
ج۔ ردیف کی د۔ تلمیح کی

(xi) نظم 'بہارِ صبح' میں شاعر نے کس سرزمین کا ذکر کیا ہے؟
الف۔ مدینہ کا ب۔ مکہ کا
ج۔ کربلا کا د۔ مصر کا

(xii) چمن کے ذرے ذرے کو ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ (مصرعہ مکمل کریں)
الف۔ روشن کردے ب۔ چراغ آرزو کردے
ج۔ شہیدِ جستجو کردے د۔ موزوں کردے

(xiii) نظم 'بڑھے چلو' کے شاعر کا نام ہے:
الف۔ حفیظ جالندھری ب۔ اختر شیرانی
ج۔ ظفر علی خان د۔ علامہ اقبال

(xiv) نظم 'شامِ رنگین' میں 'پنگھٹ' سے مراد ہے:
الف۔ ندی ب۔ نہر
ج۔ پانی بھرنے کی جگہ د۔ دریا کا کنارہ

(xv) نظم 'ایبسٹرکٹ آرٹ' میں شاعر نے ناک کو کیا کہا ہے؟
الف۔ خطرناک ب۔ خوف ناک
ج۔ غم ناک د۔ مسواک

(xvi) وہ لفظ یا الفاظ جو قافیے کے بعد آتے ہیں اور ہر شعر کے آخر میں دہرائے جاتے ہیں ان کو کہتے ہیں:
الف۔ ردیف ب۔ قافیہ
ج۔ مطلع د۔ مقطع

(xvii) سچی کہانی ڈائری/روز نامچہ کے انداز میں لکھی گئی ہے اور یہ تحریر ہے:
الف۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی ب۔ حکیم محمد سعید شہید کی
ج۔ غلام عباس کی د۔ علامہ محمد اقبالؒ کی

(xviii) قرآن حکیم کا فرانسیسی زبان میں ترجمہ اور سیرت رسولؐ پر فرانسیسی زبان میں کتابیں کس کا رنامہ ہے؟
الف۔ حکیم قرشی کا ب۔ علامہ محمد اقبالؒ کا
ج۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ کا د۔ ڈاکٹر یوسف حسن خان کا

(xix) پاکستان میں ہم سب سے زیادہ بے دردی سے کیا چیز ضائع کر رہے ہیں؟ (بحوالہ سبق روز نامچہ /ڈائری)
الف۔ سرمایہ ب۔ زرخیز زمین
ج۔ وقت د۔ بہترین افراد

(xx) علامہ محمد اقبالؒ نے مولانا گرامی کے نام اپنے مکتوب میں جس مثنوی کا ذکر کیا ہے اس کا نام ہے:
الف۔ مثنوی مولانا روم ب۔ مثنوی اسرار خودی
ج۔ مثنوی رموز بے خودی د۔ مثنوی اسرار و رموز

---

برائے ممتحن : کُل نمبر: 20 حاصل کردہ نمبر: 

8

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I

وقت: 2:35 گھنٹے                                                    کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم : 80

نوٹ: حصّہ دوم اور سوم 2-1 صفحات پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصّہ دوم (کُل نمبر 48)

**سوال نمبر۲۔** درج ذیل سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: **(12x4=48)**

(i) جب محلے کے ایک بزرگ نے خواجہ صاحب اور راجہ صاحب کو اپنی بیگمات کو لڑائی جھگڑے سے روکنے کا کہا تو انہوں نے کیا جواب دیا؟

(ii) غالب کے خطوط عام خطوں سے کس حد تک مختلف ہیں؟

(iii) گُل دبی ہوئی آواز میں بولی '' خوب بن ٹھن کر نکلا تھا بے چارہ ہفتے کی شام منانے کو'' افسانہ اوورکوٹ کے پس منظر میں اس جملے کی وضاحت کریں۔

(یا)

افسانہ ''زیور کا ڈبا'' میں ٹھاکر کے کردار پر نوٹ لکھیں۔

(iv) شامل نصاب 'حمد' کی روشنی میں اللہ کی ذات اور صفات تحریر کریں۔

(v) '' خلیل اللہ کے دریا میں ہوں گے پھر گہر پیدا'' اس مصرعہ کی مختصر تشریح کریں۔

(vi) نظم 'بنجارا نامہ' میں نظیر اکبر آبادی نے کیا پیغام دیا ہے؟

(یا)

مگر وہ علم کے موتی، کتابیں اپنے آبا کی جو دیکھیں ان کو یورپ میں تو دل ہوتا ہے سی پارا

اس شعر کا مرکزی خیال اور شاعر کا نام لکھیے۔

(vii) فیض احمد فیضؔ کے اس شعر سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

جس دھج سے کوئی مقتل میں گیا وہ شان سلامت رہتی ہے یہ جان تو آنی جانی ہے، اس جاں کی تو کوئی بات نہیں

(viii) تجھے دیکھ کر وہ دوئی اُٹھ گئی ہے کہ اپنا بھی ثانی نہ پایا نہ دیکھا

اس شعر میں دوئی اور ثانی کا باہمی تعلق کیا ہے؟

(ix) مومن خان مومنؔ کے کس شعر کو سن کر غالب نے کہا تھا کہ ''میرا سارا کلام لے لو اور اپنا یہ شعر مجھے دے دو''۔

(یا)

مومنؔ اپنے تخلص کو بعض اوقات اس خوبصورتی سے استعمال کرتے ہیں کہ وہ معنی دینے لگتا ہے۔ اس پس منظر میں شامل نصاب مومن کی غزل کا مقطع لکھیں اور وضاحت کریں۔

(x) تلمیح کی تعریف کریں اور مثال (شعری) دے کر وضاحت کریں۔ (یا)

مطلع اور مقطع کی تعریف کریں اور ایک ایک مثال دیں۔

(xi) مندرجہ ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ تذکیر و تانیث واضح ہو جائے:

بخار ، گھونسلا ، دھمک ، قصیدہ

(xii) **درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے:**

شبلی اپنے سفرنامے میں لکھتے ہیں کہ '' ایک صبح بحری جہاز میں یہ خطرناک افواہ پھیل گئی کہ جہاز کا ایک انجن ٹوٹ کر سمندر میں گر پڑا ہے اور جہاز کسی بھی وقت ڈوب سکتا ہے۔ سخت گھبراہٹ کا عالم تھا۔ ہر طرف شور و غوغا تھا۔ سخت پریشانی کی حالت میں، میں دوڑتا ہوا ڈاکٹر آرنلڈ کے کیبن میں گیا وہ دنیا و مافیہا سے بے خبر ایک کتاب کے مطالعہ میں مشغول تھے۔ میں نے جا کر سلام کیا اور پوچھا آپ کو کوئی خبر بھی ہے؟ انہوں نے بڑے اطمینان سے جواب دیا '' ہاں جہاز کا ایک انجن ٹوٹ گیا ہے۔'' میں نے پھر پوچھا آپ کو معلوم ہے کہ اس کا کیا نتیجہ نکل سکتا ہے؟ ڈاکٹر آرنلڈ نے جواب دیا۔ ہاں! جہاز کسی بھی وقت ڈوب سکتا ہے۔ میں نے بے چینی میں پوچھا کہ یہ مطالعے کا کون سا وقت ہے؟ اس کے جواب میں ڈاکٹر آرنلڈ نے کہا '' دیکھو مسٹر شبلی! اگر جہاز ڈوبنا ہی ہے تو اس وقت کا اس سے بہتر کوئی استعمال نہیں کہ مطالعہ کیا جائے۔

## حصّہ سوم (کُل نمبر 32)

سوال نمبر۳۔ سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+4=6)

الف۔ نونہالو! تم سے میری یہی شرط دوستی ہے کہ تم بس وقت کی قدر کرنا۔ ایک لمحہ ضائع نہ کرنا۔ میں تم کو پاکستان کا بڑا بنانا چاہتا ہوں۔ اگر تم نے اپنے وقت کا اچھا استعمال کر لیا تو تمہارے بڑے ہونے میں کوئی شبہ نہیں ہے۔ تم نے دیکھا کہ ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب پیرس جیسے خوبصورت اور عظیم شہر میں ایک نہایت چھوٹے کمرے میں رہ کر بھی دنیا کے ایک بڑے انسان بن گئے ہیں۔ ان کا یہ کمرہ ان کا گھر بھی ہے، بیڈروم بھی ہے، ڈائننگ روم بھی ہے۔ ان کا دفتر بھی اور یہی ایک کمرہ ان کے مطالعے کا کمرہ بھی ہے۔ اس شدید بے آرامی میں بھی انہوں نے اپنے وقت کا ایک ایک لمحہ استعمال کیا۔ فرانسیسی زبان کے ایک بڑے مُصنّف بن گئے!''

ب۔ آپ خود میری حالت کو تصور کریں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ میں دور سے ایسا معلوم ہو رہا تھا جیسے کوئی عورت آٹا گوندھ رہی ہو۔ مجھے اس مشابہت کا احساس بہت تیز تھا جس کی وجہ سے میرے ماتھے پر پسینہ آ گیا۔ میں دائیں بائیں لوگوں کو نکھیوں سے دیکھتا جاتا تھا۔ یوں تو ہر شخص میل بھر پہلے ہی سے مڑ کر دیکھنے لگتا تھا لیکن ان میں کوئی بھی ایسا نہ تھا جس کے لیے میری حالت ضیافتِ طبع کا باعث نہ ہو۔ ایک لڑکے نے کہا ''دیکھو یہ آدمی کیا کر رہا ہے''۔ گویا اس بدتمیز کے نزدیک میں کرتب دکھا رہا تھا۔

سوال نمبر۴۔ کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: (1+1+5=7)

الف۔
بے خبر! اب تو ہے دولت ہی شرافت کا نشاں
لوگ پہلے کبھی تحویلِ نسب کرتے تھے
اب تو شاگردوں کا استاد ادب کرتے ہیں
سنتے ہیں ہم، کبھی شاگرد ادب کرتے تھے

ب۔
قدرت سے اس کی گرمِ سفر ہیں یہ مہر و ماہ
موجِ نسیم بھی ہے، رواں آبشار بھی
یادِ خدا میں نغمہ سرا، نغمہ سنج ہیں
طاؤس بھی، ہزار بھی، بُلبُل بھی، سار بھی

سوال نمبر۵۔ کوئی سے تین اشعار کی تشریح کیجیے اور ہر شعر کے خالق کا نام بھی لکھیں: (3+3+3=9)

الف۔
جس سر کو غرور آج ہے یاں تاج وری کا
کل اس پہ یہیں شور ہے پھر نوحہ گری کا

ب۔
زیرِ زمیں سے آتا ہے جو گل سو زر بکف
قارون نے راستے میں لٹایا خزانہ کیا

ج۔
تم ہمارے کسی طرح نہ ہوئے
ورنہ دُنیا میں کیا نہیں ہوتا

د۔
ہر حال میں رہا جو تیرا آسرا مجھے
مایوس کر سکا نہ ہجومِ بلا مجھے

ہ۔
گر بازی عشق کی بازی ہے جو چاہو لگا دو، ڈر کیسا
گر جیت گئے تو کیا کہنا، ہارے بھی تو بازی مات نہیں

سوال نمبر۶۔ بھینس کی فروخت اور قیمت کی وصولی کی رسید تحریر کریں۔ (5)

سوال نمبر۷۔ یومِ اقبال کی تقریب کا آنکھوں دیکھا حال تحریر کریں۔ (5)

---- 1HA 1503 ----